SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 13, 2023

## ایس ای سی پی نے پاکستان کے پہلے پی ٹو پی قرض دینے والے پلیٹ فارم کی منظوری دے دی

اسلام آباد، 13 جون: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے، سرمایہ کاروں اور صارفین کے تحفظ کو ترجیح دیتے ہوئے تکنیکی جدت کو اپنانے کے عزم کو جاری رکھتے ہوئے، ملک میں پہلے پیر ٹو پیر (پی ٹو پی) قرضہ دینے کی خدمات فراہم کرنے والے ادارے کی منظوری دے دی ہے۔

فنجا انوسٹ نامی پلیٹ فارم کا پاکستان کے پہلے پی ٹو پی سروس پرووائیڈر پلیٹ فارم کے طور پر ابھرنا ملک میں تکنیکی جدت کو اپنانے اور مالیاتی شعبے کی پائیدار ترقی کو فروغ دینے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ فنجا لینڈنگ سروسز لمیٹڈ کو ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سینڈ باکس میں تفصیلی جانچ کے بعد منظوری دی گئی ہے۔ سینڈ باکس میں جانچ کے دوران منظور شدہ پی ٹو پی سروس پرووائیڈر نے اپنے پلیٹ فارم کے قابل عملیت اور محفوظ ہونے کا ثبوت پیش کیا۔

اس سے پہلے، ایس ای سی پی نے موجودہ این بی ایف سی ریگولیشنز، 2008 کے اندر پی ٹو پی قرض دینے کے لیے ایک قابل عمل ریگولیٹری فریم ورک متعارف کروایا تھا۔ یہ فریم ورک پی ٹو پی سروس فراہم کرنے والوں کو شفاف، محفوظ، اور ریگولیٹری معیارات کے مطابق ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے، جس سے سرمایہ کار اور قرض لینے والوں کے درمیان باہمی اعتماد کو فروغ ملتا ہے۔

ایس ای سی پی، ایک متبادل فنانسنگ آپشن کے طور پر پی ٹو پی لینڈنگ کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے۔ اس سے چھوٹے کاروباروں کو بااختیار بنانے، مالی شمولیت کو فروغ دینے اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے میں بھی مدد ملتی ہے۔

ایس ای سی پی ایک ایسا مضبوط ریگولیٹری معیارات کو برقرار رکھتے ہوئے تکنیکی ترقی کی حوصلہ افزائی کرنے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔